میرے حقوق کیا ہیں؟

سبھی مراعات اور سروسز کیلئے درخواست دینے کا حق

یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ عوامی اعانت (Public Assistance, PA)، سپلیمینٹل غذا کے معاونتی پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP)، ہوم انرجی اسسٹنس پروگرام (Home Energy Assistance Program, HEAP)، چائلڈ کیئر اور/یا Medicaid موصول کرنے کے اہل ہیں، آپ اپنے سوشل سروس آفس پر درخواست دے سکتے ہیں یا پھر myBenefits.ny.gov پر آن لائن درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ نیویارک شہر کے پانچ باروز میں سے کسی ایک میں رہتے ہیں، تو آپ اپنے مقامی بینیفٹس ایکسیس سنٹر پر، یا آن لائن www.nyc.gov/accesshra پر درخواست دے سکتے ہیں۔

ایمرجنسی عوامی اعانت کی درخواست دینے کا حق

اگر آپ پہلے ہی PA حاصل کر رہے ہیں اور کوئی ایمرجنسی پیش آ جاتی ہے تو اپنے اہلکار کو فوراً آگاہ کریں۔ اگر آپ PA حاصل نہیں کر رہے ہیں تو درخواست بھریں اور کسی اہلکار کو بتائیں کہ آپ کو ایمرجنسی درپیش ہے۔ آپ سے اسی دن اپنی ایمرجنسی کے بارے میں انٹرویو لیا جائے گا۔

خانگی تشدد کا مسئلہ درپیش ہونے کی صورت میں اسکریننگ اور خصوصی سروسز کا حق

مفت سروسز ہر کسی کے لیے دستیاب ہیں، چاہے ان کے بچے ہوں یا نہ ہوں، تاکہ کسی فیملی ممبر یا کسی موجودہ یا سابقہ اہل خانہ کی طرف سے جسمانی یا جذباتی بدسلوکی یا جسمانی یا جذباتی بدسلوکی کی دھمکیوں کے سلسلے میں ان کی مدد کی جا سکے۔ یہ خدمات حاصل کرنے کے لیے آمدنی کی کوئی حد نہیں ہے۔

آپ سروسز بشمول ایمرجنسی شیلٹر، سپورٹ گروپس اور کاؤنسلنگ کے بارے میں معلومات کے لیے مفت، 24 گھنٹے کی ہاٹ لائن پر کال کر سکتے ہیں۔ یہ خدمات آپ کو اور آپ کے بچوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کریں گی۔ اپنے مقامی خانگی تشدد کی سروسز کے فراہم کنندہ سے متعلق معلومات اور ریفرلز حاصل کرنے کے لیے:

نیویارک سٹی میں 1-800-621-HOPE (1-800-621-4673) پر کال کریں۔

نیو یارک اسٹیٹ کے کسی بھی اور علاقہ میں، NYS ڈومیسٹک وائلنس ہاٹ لائن (NYS Domestic Violence Hotline) کو یہاں کال کریں 1-800-942-6906، ٹیکسٹ کریں 844-997-2121، یا https://opdv.ny.gov پر چیٹ کریں۔

اگر آپ گھر پر غیر محفوظ ہیں تو مخصوص PA پروگرام کے تقاضوں کے لیے بازنامے موصول کرنے کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ ان بازناموں کو حاصل کرنے کا طریقہ جاننے کے لیے ڈومیسٹک وائلنس لائی ایژن (Domestic Violence Liaison, DVL) سے ملاقات کی درخواست کریں۔

نگہداشت اطفال طلب کرنے کا حق

نگہداشت اطفال کی اعانت نگہداشت اطفال کی جزوی یا مکمل لاگت ادا کرنے میں ایسے والد/والدہ (والدین)/سرپرست (سرپرستوں) کی مدد کرتی ہے جنہیں کام کرنے، کام تلاش کرنے، تعلیمی یا تربیتی پروگرام میں شرکت کرنے یا دیگر مخصوص حالات کے دوران نگہداشت اطفال کی ضرورت ہو۔

آپ مقامی ڈسٹرکٹ کال کر کے یا وہاں جا کر اور درخواست کا پیکج طلب کر کے درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نیو یارک سٹی میں رہتے ہیں اور PA سے مستفید ہو رہے ہیں یا PA کی درخواست دے رہے ہیں تو اپنے مقامی بینیفٹس ایکسیس سینٹر کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں۔ اگر آپ صرف نگہداشت اطفال کی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو نیو یارک سٹی کی معلومات کی ہیلپ لائن کو 311 پر کال کریں۔

مفت لسانی سروسز کا حق

مراعات اور سروسز پروگرامز کے لیے لسانی اعانت کی مفت سروسز دستیاب ہیں۔

موزوں تحریری نوٹس کا حق

اگر ڈسٹرکٹ آپ کو پروگرام اور آپ کی درخواست کردہ مراعات کے لیے آپ کو نااہل پاتا ہے، فیصلہ کرتا ہے کہ آپ کی مراعات کم کر دینی چاہئیں یا آپ کا کیس بند کر دینا چاہیے تو آپ کو اپنی درخواست اور/یا آپ کے اہل خانہ کی مراعات میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی کے بارے میں بتانے کے لیے ایک تحریری نوٹس موصول ہوگا۔

منصفانہ سماعت کے حقوق

اگر آپ کو PA، SNAP، HEAP، Medicaid یا نگہداشت اطفال کی مراعات سے انکار کر دیا گیا ہے؛ اگر آپ کی مراعات ختم، معطل یا کم کر دی گئی ہیں یا اگر آپ سوشل سروسز ڈسٹرکٹ کے دیگر مخصوص فیصلوں سے متفق نہیں ہیں تو آپ کو منصفانہ سماعت کا حق حاصل ہے۔

LDSS-5208-UR (Rev. 10/23)

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. Office of Temporary and Disability Assistance